صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 21 جون 2016ء بمطابق 15 رمضان المبارک 1437 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

لَّيۡسَ ٱلۡبِرَّ أَن تُوَلُّواْ وُجُوهَكُمۡ قِبَلَ ٱلۡمَشۡرِقِ وَٱلۡمَغۡرِبِ وَلَٰكِنَّ ٱلۡبِرَّ مَنۡ ءَامَنَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ وَٱلۡكِتَٰبِ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ وَءَاتَى ٱلۡمَالَ عَلَىٰ حُبِّهِۦ ذَوِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَٱلۡيَتَٰمَىٰ وَٱلۡمَسَٰكِينَ وَٱبۡنَ ٱلسَّبِيلِ وَٱلسَّآئِلِينَ وَفِي ٱلرِّقَابِ وَأَقَامَ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَى ٱلزَّكَوٰةَ وَٱلۡمُوفُونَ بِعَهۡدِهِمۡ إِذَا عَٰهَدُواْۖ وَٱلصَّٰبِرِينَ فِي ٱلۡبَأۡسَآءِ وَٱلضَّرَّآءِ وَحِينَ ٱلۡبَأۡسِۗ أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ صَدَقُواْۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُتَّقُونَ۔

(ترجمہ): یہی نیکی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیرو بلکہ نیکی تو یہ ہے جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائے اور فرشتوں اور کتابوں اور نبیوں پر اور اسکی محبت میں رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں اور سوال کرنے والوں کو اور گردنوں کے چھڑانے میں مال دے اور نماز پڑھے اور زکوٰۃ دے اور جو اپنے عہدوں کو پورا کرنے والے ہیں جب وہ عہد کرلیں اور تنگدستی میں اور بیماری میں اور لڑائی کے وقت صبر کرنے والے ہیں۔ یہی سچے لوگ ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔

وآخِرُ الدعْوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: فنانس منسٹر آئے ہیں کہ نہیں آئے ہیں؟ فنانس منسٹر، پھر میں ایجنڈا آگے لے کر جاؤں گا، اگر فنانس منسٹر نہیں ہیں تو پھر میں اس کی سپیچ کو Skip کر کے آگے جاؤں گا۔ یہ ہمارے پاس ڈیمانڈز جو آئی ہیں، ڈیمانڈ نمبر 1۔

جناب قربان علی خان: جناب سپیکر! میں بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: ہاں او کے، قربان خان پلیز۔

جناب قربان علی خان: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ ډیره مننه سپیکر صاحب، تھینک یو ویری مچ۔ بڑی دیر کی مہربان آتے آتے۔ جناب سپیکر، میں اس پارلیمنٹ کا سینیئر ممبر ہوں اور اس حیثیت سے، ایک حکومتی رکن کی حیثیت سے یہاں پر ہم بیٹھے ہیں۔ یہ سب گواہ ہیں کہ ہم نے آج تک حکومت سے کچھ اپنی ذات کیلئے نہیں مانگا، سب ہاؤس گواہ ہے کیونکہ اللہ نے اس مٹی میں مانگنے کی خصلت ہی نہیں ڈالی ہے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ میرے تجربے بھی شاید ان کو ناگوار گزرتے ہیں اور جب ہم تنقید کرتے ہیں تو ان کو وہ ناگوار گزرتی ہے۔ جناب سپیکر، میں شروع کروں گا، اے ڈی پی کی جو بک ہے، Allocation کی، فنڈز کی، وہ ہمارے ساتھ بلکہ ہماری آئیڈیالوجی کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے جناب سپیکر! ہم نے الیکشن کے وقت جو وعدے کئے تھے کہ ہم لیجسلیشن کریں گے اور فنڈز لوکل گورنمنٹ کے ذریعے خرچ ہوں گے، وہ وعدہ ہم پورا نہ کر سکے بلکہ سونے پہ سہاگہ کہ رقم ایک مخصوص ٹولے میں تقسیم کی گئی۔ دوسری مزے کی بات، ٹائٹل پر ایک مونوگرام ہے جس پر لکھا گیا ہے "بدل رہا ہے خیبر پختونخوا" میں بڑے افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ Ground reality، اس پر لکھنا چاہیئے تھا "غرق ہو رہا ہے پختونخوا"، Bleeding ہو رہا ہے پختونخوا" (تالیاں) سود پہ پیسے مانگ رہا ہے پختونخوا"۔ میری گزارش ہے مسٹر سپیکر! کہ بالعموم کے پی کے اور بالخصوص نوشہرہ ڈسٹرکٹ کیلئے جس مٹی نے مولانا عبد الحق جیسے لوگوں کو، قاضی حسین احمد جیسی ہستیوں کو، اجمل خٹک جیسی Revolutionary اور قد آور شخصیتوں کو، بااصول جرنیل جنرل بابر جیسے لوگوں کو پروان چڑھایا اور اس ڈسٹرکٹ نے، اس مٹی کو سودی رقم کی ملاوٹ سے پامال نہ کیا جائے۔

زه ډير افسوس سره خبره کوم، ما خو خپل آئيډيالوجي د پاره هيڅ اونکړے شول، نه مې تاسو سره کار شته خو کم سے کم د مولانا ، ستاسو مشر مودودی صاحب روح ته تکليف مه ورکوئ، د خپل سراج صاحب کرپشن فری سوسائټی د هغه مخ ته خاورې مه اچوئ، دا زما يو نصيحت دے ، دومره هوښيار د پاره ډير دے چې ما اوکړو۔ یہ ہمارے اعمال کا، ایمان کا حصہ ہے کہ سب کو جوابدہ ہونا چاہیئے، ایک فرد کی حیثیت سے ہو یا ایک قوم کی حیثیت سے اور جب تک احتساب کا عمل شفاف اور یکساں نہ ہو تو آپ بیشک جتنے بھی قانون لائیں، جتنے بھی بجٹ لائیں، جتنے بھی بل پاس کریں تو یہ بے معنی ہو جاتے ہیں، جہاں قانون مر جائے تو وہاں پر پھر کچھ نہیں رہتا کیونکہ اردو کی ایک مثال ہے "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" اور ابن خلدون کا ایک کوٹیشن میں آپ کو وہ کر لیتا ہوں کہ The collapse of civilization is due to the collapse of institution of accountability، یہ تو ہماری ایک چھوٹی سی حکومت ہے، وہاں تو ایک رومن ایمپائر بھی گر گئی، یہاں پر ہماری جتنی بھی ہے، مغل ایمپائر اس کی حالت دیکھیں اور جب قانون مر جاتا ہے تو Let me speak in my مادری زبان میں، پھر کیا ہوتا ہے جب قانون نہیں رہتا، قانون مړ شی، * + + + + چې قانون مړ شی، زور نادر شی، نر تاله ګيدړ دلير شی، سپي غړمبيږی، زمری شی، ايماندار په سيند لاهو شی، روغ به مری يا به غل کيږی، چې ټول غله تربنه چاپيره شی۔

جناب سپیکر: قربان خان! بجٹ سپیچ کرلیں پلیز، بجٹ کی طرف آپ اپنا۔۔۔۔

جناب قربان علی خان: سر! یہ بجٹ ہے، جب ناانصافی ہوئی ہے تو Accountability، میں اسی کی طرف آرہا ہوں سر، میں سر! Accountability کی طرف آرہا ہوں۔

جناب سپیکر: بجٹ کی طرف، پلیز۔

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): ذاتی حملے نہ کریں، یہ ذاتی حملے ہیں۔

جناب قربان علی خان: میں نے ذاتی حملے کسی پہ نہیں کئے، میں قانون کی بات کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: بجٹ پہ پلیز، آپ بجٹ تک محدود ہو جائیں۔

مشیر جیلخانہ جات: سر! تقریر کرنی ہے تو کریں ورنہ یہ ذاتی حملے۔۔۔۔

جناب قربان علی خان: نہیں سر! میں ذاتی حملے نہیں کر رہا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ دو منٹ میں وائنڈ اپ کریں، پلیز۔

جناب قربان علی خان: میں ذاتی حملے نہیں کر رہا ہوں۔

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

جناب سپیکر: (مشیر جیلخانہ جات سے مخاطب ہو کر) آپ بیٹھ جائیں جی، آپ Kindly وائنڈ اپ کریں۔

جناب قربان علی خان: اوکے، سر۔

جناب سپیکر: وائنڈ اپ کریں پلیز، وائنڈ اپ کریں پلیز۔

Mr. Qurban Ali Khan: Okay, just two minutes.

جناب سپیکر: وائنڈ اپ کریں پلیز، وائنڈ اپ کریں، پلیز۔

Mr. Qurban Ali Khan: Okay, this is my promise, just two minutes more, just two minutes.

Mr. Speaker: One minute just, only one minute, please.

جناب قربان علی خان: میں غیر پارلیمانی نہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں جانتا ہوں ملک قاسم صاحب! میں اس کو کرتا ہوں، آپ بیٹھ جائیں پلیز، آپ بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں پلیز، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں پلیز، میں بالکل، یہ جو الفاظ اس میں غیر پارلیمانی الفاظ استعمال ہوئے ہیں، کئے ہیں، ان کو حذف کرتا ہوں۔

جناب قربان علی خان: مسٹر سپیکر، میں اسی طرف آ رہا ہوں، آپ مائنڈ نہ کریں کیونکہ جب قانون مر جاتا ہے، قانون کیوں مرتا ہے؟ احتساب نہیں ہوتا ہے اور جب احتساب نہیں ہوتا ہے تو پھر یہی ہوتا ہے، پھر کیا ہوتا ہے، پھر احتساب کی قبر پر ایک کتبہ لگا ہوتا ہے کہ:

؎ یہ پھول اپنی لطافت کی داد پا نہ سکا کھلا ضرور مگر کھل کے مسکرا نہ سکا

آپ بیشک جتنا بھی کچھ کرلیں، ہوگا تو یہی، لوکل گورنمنٹ Ventilator پر ہوگی، اگر احتساب ہوتا تو یہ نا انصافیاں جو بجٹ میں آئی ہوئی ہیں، یہ نہ ہوتیں، ایک مخصوص ٹولے کیلئے یہ سب نہ ہوتا، So, I am، پھر میں ابھی آپ سے کہتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز۔

جناب قربان علی خان: My ideology is bleeding، اسے Stab کیا گیا ہے اور ہماری آئیڈیالوجی، میں اپنے دوستوں سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں۔۔۔۔

جناب قربان علی خان: آخری لفظ، میں اپنے دوستوں سے، اپنے Ideological workers سے میں یہ کہتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: فنانس منسٹر۔

جناب قربان علی خان: میں یہ کہتا ہوں کہ ایسے۔۔۔۔۔

مشیر جیلخانہ جات: دا څه دے ؟

Mr. Speaker: Finance Minister, Oh, please, please, no cross talking please. Ji, Qurban Ali Khan, please wind up, wind up, please.

جناب قربان علی خان: میری آئیڈیالوجی مجھ سے سوال کر رہی ہے، اپنے Protector سے سوال کر رہی ہے، وہ کہہ رہی ہے کہ

اے ارمان د غیرتي څه عجیبه د سودا وکړه
د خپلې حیا غل شوې د خپله کوره د غله وکړه

والسلام، پاکستان زندہ باد۔

Mr. speaker: Thank you. Finance Minister, Muzaffar Said Sahib, wind up, please.

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ بجٹ سپیچز ہوئی ہیں اور اس پہ کافی ڈیٹیلڈ ڈسکشن بھی ہو چکی ہے اور ڈسکشن کے آغاز میں جناب مولانا لطف الرحمان صاحب، اپوزیشن لیڈر نے بات رکھی ہے اور ساتھ ہی ساتھ جعفر

شاہ صاحب اور بابک صاحب اور بھی جتنے ہمارے پارلیمانی لیڈرز ہیں اور جتنے بھی ہمارے ساتھی ہیں، انہوں نے اپنی بات رکھی ہے، تو اس حوالے سے ایک تو میں صرف اتنا ضرور عرض کرتا چلوں کہ مولانا لطف الرحمان صاحب نے ایک بات اور ایک نکتہ اٹھایا تھا کہ یہ بجٹ چند اضلاع کا، تو میں صرف اس حوالے سے ان کی بات سے اتنا ہی ضرور سمجھوں گا اور ان کی توجہ بھی میں چاہتا ہوں کہ اس سال جو ایلو کیشنز کی گئی ہیں جناب سپیکر! تو اس میں ڈی آئی خان کیلئے جو ایلو کیشن کی گئی ہے، وہ 2.27 جو کہ پورے صوبے کی لسٹ میں تین نمبر پہ دی گئی ہے، یہ ریکارڈ میرے پاس ہے، بالکل میں مولانا صاحب کو یہ بتا بھی سکتا ہوں، ان کے ساتھ بیٹھ بھی سکتا ہوں، ان کو Calculated result میں ان کو دے سکتا ہوں، تو مجھے یقین ہے کہ شاید مولانا صاحب اور جن ضلعوں کی طرف انہوں نے اشارہ کیا تھا کہ ان میں صوابی وغیرہ وغیرہ، تو ان کی ایلو کیشن بہت ہی کم کی گئی ہے تو میں ڈیٹیل میں نہیں جانا چاہتا لیکن یہ میں نے پی اینڈ ڈی کے ریکارڈ سے لی ہے اور بجٹ بک اور اس سے میں نے لی ہے، تو ان شاء اللہ مولانا صاحب اس حوالے سے Cooperate بھی کریں گے اور جہاں تک انہوں نے بات کی تھی Personal explanation کے حوالے سے کہ جو بجٹ تیار کئے جاتے ہیں تو اس سے عوامی نمائندے باخبر نہیں ہوتے تو ایک لحاظ سے تو ان کی بات صحیح ہے کہ تمام ساتھی بجٹ سپیچ اور پی اینڈ ڈی اور یہ اے ڈی پی میں اتنے Involve نہیں ہوتے تو بعض اس کو سرسری دیکھتے ہیں لیکن جن کو Portfolios حوالے کئے گئے ہیں، وہ Portfolio کے حوالے سے بالکل اپنے سبجیکٹ پہ، اپنے کام کے حوالے سے اس پہ دسترس رکھنے کی کوشش کرتے ہیں جو کہ مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ العزیز یہاں پہ جتنے بھی Portfolios جتنے منسٹرز کے حوالے کئے گئے ہیں تو They are fully competent and they know their jobs، تو مولانا صاحب! ان شاء اللہ آپ تعاون بھی کریں گے اور آپ ساتھ بھی ہوں گے لیکن ان شاء اللہ کوئی ایسی بات نہیں ہو گی کہ آپ کی کیبنٹ میں یا آپ کے دوستوں میں کوئی ایسا ساتھی ہو گا کہ وہ اپنے Portfolio کو جانتا نہیں ہے۔ جہاں تک مولانا صاحب کی ایک بات کا، میں اس کو اور بھی قدر کی نظر سے دیکھتا ہوں کہ انہوں نے مرکز سے جو اپنے حقوق کی بات کی ہے تو اس حوالے سے میں اپوزیشن کا بھی مشکور ہوں، مولانا صاحب ساتھ تھے، پارلیمانی لیڈرز بھی ہمارے ساتھ تھے، میں پولیٹیکل جتنی بھی ہماری پولیٹیکل قیادت ہے صوبے کے اندر، خواہ وہ کسی

بھی پارٹی کی ہو، میں ان کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمارے محترم پرویز خان خٹک صاحب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے ساتھ شانہ بشانہ، قدم بہ قدم وہ ان کے ساتھ چلے اور مرکزی حکومت کو اس بات پہ مجبور کیا کہ انہوں نے جو 1991ء سے ہمارا نیٹ ہائیڈل پرافٹ جو چھ ارب پہ Cap تھا، اس کو Uncap کر کے اٹھارہ ارب تک پہنچادیا اور اس گورنمنٹ کو اس کا کریڈٹ دینا چاہیے کہ انہوں نے جتنی بھی liabilities اور جتنے بھی بقایاجات کی ہم باتیں کرتے تھے، وہ اپنی جگہ پہ، اس پہ ہم پہلے بھی اسمبلی اور ہم سے پہلے بھی حکومت تھی، ان سب نے اس چیز کو Highlight بھی کیا اور انہوں نے بالکل دلی کوششیں کی ہیں، ان کی نیت پہ شک نہیں کیا جاتا لیکن جہاں تک Out put کی بات ہے، جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ اس سے کیا بنا؟ تو موجودہ حکومت کو یہ کریڈٹ چلا جاتا ہے کہ 88 ارب کے بقایاجات ان پہ ہم نے Due کئے اور اس ڈسکشن کے بعد چونکہ ان کے Reconciliation کے دوران اٹھارہ ارب سے کچھ اوپر پیسے تھے کہ جو ہم نے Pay کرنے تھے تو ان کو منہا کر کے 70 ارب پہ ہم نے یہ فیصلہ کیا اور ایم او یو سائن کیا جو کہ کرنٹ ایئر میں 25 ارب انہوں نے دینے ہیں تو مجھے یقین ہے، وہ تو ڈاکومنٹس ہیں، ان کا تو ایگریمنٹ ہے، وہ تو اپنی جگہ پہ ایک بات ہے اور وہ دیتے رہیں گے، پندرہ ارب آئندہ سال بھی دیں گے ان شاءاللہ، تو اس حوالے سے میں اپوزیشن کو بھی Appreciate کرتا ہوں کہ انہوں نے اس حوالے سے ہمارا ساتھ دیا ہے اور ان شاء اللہ ساتھ دیتے رہیں گے اور بھی کچھ مولانا صاحب کی بات، چونکہ اس لئے میں ان کا بار بار حوالہ دیتا ہوں کہ وہ ہم میں بڑے زیادہ ذمہ دار فورم پہ ہیں، پوسٹ پہ اور ذمہ دار حیثیت پہ ہیں تو وہ پوری اپوزیشن کی اور پوری ایک کمیونٹی کی قیادت کر رہے ہیں، تو اس میں اور بھی جو ڈسکشنز ہیں، اور بھی ایم پی ایز حضرات جو ہیں، ہمارے پارلیمانی دوستوں نے اس کو اٹھایا ہے لیکن مولانا صاحب چونکہ لیڈر آف دی اپوزیشن ہیں تو اس حوالے سے انہوں نے جو اپنے پچیس، چھبیس پیجز پہ جو Calculation کی تھی، اب بھی میں مولانا صاحب کو کہتا ہوں کہ اگر وہ کلکولیٹر نکالیں اور اس کو جمع کر لیں تو آپ کو ہمارے بجٹ کا جو کل حجم ہے، وہ پانچ سو پانچ ارب ہے اور اس میں جاری اخراجات جو ہیں، وہ تین سو چوالیس ارب اور جو ترقیاتی اخراجات ہیں، ان کے حوالے سے ہم نے ایک سو چھیاسٹھ ارب مختص کئے ہیں تو اس کا، یہ تینوں فگرز کو بالکل اس کو جو اس کی بجٹ کاپی ہے، دیکھ لیں اور تقریر بھی دیکھ لیں اور اسے Calculate کریں تو انہیں Net result

ان شاءاللہ ملے گا۔ تو اس حوالے سے بھی میں مولانا صاحب کو یہ یقین اور ایشورنس دلانا چاہتا ہوں کہ یہ چونکہ بجٹ ڈاکومنٹ اسمبلی کی پراپرٹی ہے اور اسی کو ہی پاس کرنا ہے، اسی کو ہی سامنے پیش کرنا ہے اور ایک Consensus سے پاس کرنا ہے تو ہم جمہوری لوگ ہیں، مولانا صاحب! آپ اور جتنے بھی، ہمارے اپوزیشن کے دوستوں نے جو بات کی ہے تو نیت اپنی جگہ پہ، نیت اپنی جگہ پہ، وہ تو اللہ کو علم ہوتا ہے کسی کو علم نہیں ہوتا، لیکن ہماری خواہش، ہماری سوچ یا ہماری فکر یہ ہے کہ اکثر باتیں آپ نے نیک نیتی سے کی ہیں تو اس نیک نیتی کو ہم Appreciate کرتے ہیں اور اس میں ہم ایک دوسرے کو ساتھ لیکر چلیں گے، ان شاء اللہ اور بابک صاحب بھی تشریف لائے ہیں تو بابک صاحب کے بھی اس حوالے سے جتنے بھی ان کے سوالات تھے، جتنے بھی ان کے وہ ہیں تو اس حوالے سے ان کے یہ سوالات قدرے مشترک تھے، تو میں ان کی اپنی پولیٹیکل اسٹیٹمنٹ جو انہوں نے دی ہے، اس کا الگ فورم پہ ایک دوسرے کو جواب دیا جاتا رہے گا لیکن جہاں تک بجٹ کی بات ہے، جہاں تک بجٹ کی انہوں نے بات کی ہے اور ٹیکسز کی بات کی ہے تو یہ ٹیکسز، تو ہمارے یہ دوست خود بھی حکومت میں رہے ہیں، ان کو اندازہ ہے تو اس حوالے سے کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ اضافی ٹیکس ڈالا گیا ہے یا اضافی عوام پر کچھ بوجھ ڈالا گیا ہے بلکہ میں اگر آپ کو یہ کہوں کہ انتقالات پہ تو ہم نے اتنا ریلیف دیا ہے کہ دو پرسنٹ سے ہم نے ایک پرسنٹ کم کیا ہے، یہ میرے خیال میں پارلیمانی تاریخ کا ایک انوکھا واقعہ ہے (تالیاں) کہ ہم بجٹ کو، بجٹ میں اپنے ٹیکسز کو کم کراتے ہیں تو میرے خیال میں اس بات کو آپ نے Appreciate کرنا ہے اور آپ نے کیا بھی ہے تو اس حوالے سے ہم آپ کے بھی مشکور ہیں اور راجہ فیصل زمان صاحب نے بات کی ہے، ہماری آمنہ سردار صاحبہ نے بات کی ہے، اور بھی جتنے ہمارے دوست ہیں، ساتھی ہیں تو ان کے نام، نلوٹھا صاحب ابھی تشریف نہیں لائے ہیں، انہوں نے بھی یہاں پہ بڑی تفصیل سے بات کی ہے، جعفر شاہ صاحب کی باتیں تفصیل سے نوٹ کی گئی ہیں اور تمام کی، اس حوالے سے سردار حسین صاحب ایم پی اے، چترال کے حوالے سے انہوں نے جو بات کی ہے تو یہ ساری چیزیں، اس میں علاقے کی بھی باتیں ہیں، اس میں اسمبلی کی بھی باتیں ہیں اور اس میں تجاویز بھی ہیں، جیسا کہ انہوں نے چترال کا رونا رویا ہے تو اگر وہ روئیں یا نہ روئیں لیکن یہ ہے کہ اس حوالے سے ہم چترال کے، سی ایم صاحب بھی تشریف فرما ہیں، جو فیڈرل 'پی ایس ڈی پی' پہ جب میٹنگ ہو رہی

تھی تو چترال کے حوالے سے ہماری حکومت نے، ہم نے ایک مدعی کا کردار ادا کیا ہے اور گزشتہ جو سیلاب آیا تھا تو سی ایم صاحب اور ہماری کیبنٹ اور منسٹرز نے خود جا کر ان لوگوں کے ساتھ انہوں نے وہاں پہ اس غم و درد اور اس تکلیف میں وہ شریک بھی تھے اور صوبائی حکومت کے جتنے بھی Available resources تھے، میں اس حوالے سے مرکز کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے بھی اس حوالے سے، گو کہ انہوں نے وہ Commitment پھر بھی پوری نہیں کی لیکن وہ On the spot ہمارے ساتھ تھے۔ میں پاکستان آرمی کا بھی مشکور ہوں، تمام این جی اوز کا بھی میں مشکور ہوں کہ جب بھی صوبے کو کوئی حالات درپیش آئے تو اس Critical situation میں ان سب نے ایک قدم آگے آ کر حکومت کا ساتھ دیا ہے، عوام کو Protect کیا ہے اور عوام کے حقوق کیلئے انہوں نے کام کئے ہیں تو اس حوالے سے ان شاءاللہ العزیز یہ جو ہمارے دوست ہیں، ہمارے ساتھی ہیں، ان شاءاللہ اس میں ہم کوشش کریں گے کہ آپ کی ان آراء کو، آپ کی ان تجاویز کی ہم ساکھ اور لاج بھی رکھیں گے، ہم تنقید بغرض اصلاح بھی جانتے ہیں، ہم تنقید بغرض تنقید بھی جانتے ہیں اور چونکہ ہم پارلیمانی لوگ ہیں، پارلیمانی ساتھی ہیں تو ان شاءاللہ آپ کی تنقید کو ہم بغرض اصلاح لیتے ہیں، اس کی ہم قدر کرتے ہیں، اس کا احترام کرتے ہیں اور ان شاءاللہ اس احترام کو جاری بھی رکھیں گے۔ میں چونکہ بعض باتوں کا On the spot کنسرنڈ منسٹر نے اس وقت بھی جوابات دیئے ہیں تو ان کے ان شاءاللہ Satisfactory جواب ان کو بھی ملے ہیں، جعفر شاہ صاحب! آپ نے جو بجلی کی پیداوار کی باتیں کی ہیں تو ان شاءاللہ اس پر موجودہ حکومت، آپ نے تو مثلاً ان اور ایک دو کی بات کی تھیں تو اس پہ کام بھی تیز کیا جائے گا، اس کو ہم Own بھی کرتے ہیں اور ہم چاہتے بھی ہیں کہ اس مروجہ پالیسی کو تھوڑا سا ہم اور بھی ریلکس کریں، ہم اور بھی اس پہ لوگ Involve کریں تاکہ ہم بجلی کے کرائسز پر قابو پا لیں اور جو لوڈ شیڈنگ کی لعنت ہے، جو عذاب ہے ہم پہ، تو ان شاءاللہ اس کو ہم، آپ نے یہاں پہ جو کفایت شعاری کی بات کی ہے تو کفایت شعاری ایک لحاظ سے ہم نے، آپ نے اخراجات کی بات کی ہے تو جب چھ سو پوسٹیں آپ اس کیلئے Create کرتے ہیں تو اس کے Against اس کے وہ بھی ہو جاتی ہیں، تو اس میں یہ نہیں ہے کہ ہم نے Excess کیا ہے، ہم کوشش کرتے ہیں کہ Within limits ہم اپنے اخراجات کو، اور ہم اپنے شاہانہ، شاہ خرچانہ انداز اور شاہانہ انداز اور شاہ خرچیاں اور باہر جانے، اس لحاظ سے ہم اس کو

Discourage بھی کرتے ہیں، ہم نے فیصلہ بھی کیا ہے کہ کوئی بھی منسٹر، کوئی بھی ہمارے پارلیمانی لوگ سرکاری خرچے پر کسی بھی میٹنگ کیلئے باہر نہیں جائیں گے اور ہم اس کو Intact بھی کرتے ہیں کہ ان شاء اللہ کوئی بھی نہیں جائے گا، ان شاء اللہ العزیز (تالیاں) تو یہ ہے کہ ہم کوشش کرتے ہیں کہ ہم صوبے کے Available resources کو، اور یہ جو ہماری کم آمدنی ہے، آپ کو میں جناب سپیکر! آپ کے توسط سے یہ علم آپ کو بھی ہے، ہمارے ہاؤس کو بھی کہ 90 پرسنٹ ہم مرکز پہ Depedent ہیں، 10 پرسنٹ ہمارا اپنا ریونیو ہے تو جناب سپیکر! اس حوالے سے بھی ان شاء اللہ آپ کو اور ہاؤس کو بھی ایشورنس دلانا چاہتا ہوں کہ ہم اپنے ریونیو پہ، یہاں پہ بات کی گئی ہے کہ اس کو ہم Enhance کرنے کی کوشش کرتے ہیں، میں سکندر خان شیر پاؤ کی قیادت میں جو کمیٹی بنائی گئی ہے۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: پلیز، پلیز، پلیز، آرڈر پلیز، آپ سپیچ سن لیں، جو وہ کہہ رہے ہیں، پلیز۔

وزیر خزانہ: تو انہوں نے اس حوالے سے ایک نئی پالیسی، ایک نئی سوچ اور ان کی ٹیم نے کہ ہماری جتنی بھی پراپرٹی ہمارے پاس Available ہے، اس کو ہم اور بھی کمرشل کے طور پر Utilize کریں تاکہ مستقل طور پہ ریونیو اس سے زیادہ ہو جائے۔ ایک بات جو قدرے مشترک میں سنتا رہا کہ سود کی جو بات ہو رہی ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ سود، یہ فیصلہ نہ صرف اسمبلی کا ہے، یہ فیصلہ نہ اسمبلی چیلنج کر سکتی ہے یہ جو قرآن اور حدیث میں جو سود کیلئے اصول ہے، جو سود کی ممانعت ہے، جو سود کی لعنت ہے تو اس پہ کوئی بات بھی نہیں کر سکتے، ہم چاہتے ہیں کہ سودی نظام کا خاتمہ ہو، ہم چاہتے ہیں کہ سود کی لعنت کو ہم پاکستان کے سسٹم سے نکالیں لیکن آپ بھی جانتے ہیں، ہم بھی جانتے ہیں کہ اس سسٹم کو آہستہ آہستہ آپ کیسے Streamline کریں گے، کیسے اس کو آپ ٹھیک کریں گے، کتنا آپ Fast چلتے ہیں، کتنے آپ کے Premises ہیں، کتنا آپ کی صوبائی اسمبلی کا اختیار ہے، کتنا اس میں آپ کر سکتے ہیں؟ ایک بات میں اور بھی کرنا چاہتا ہوں، اور یہ اچھی بات ہے، آپ نے سود کی بات کی ہے کہ سود کو نہیں ہونا چاہیئے تو میں، میں تو چاہتا ہوں بابک صاحب سے تھوڑی گپ شپ میں معذرت کے ساتھ کہ:

اشنا زمونږ د نظریې زور به منې او که نه
د سیپارې منکرو ترخ کبنې سیپارې اونیوې

(تالیاں)

تو مجھے بڑی اچھی لگتی ہے جب سود کی بات ہو اور ہمارے اپوزیشن سے لوگ اٹھیں، ہم ان کا احترام کرتے ہیں اور ان شاءاللہ اس حوالے، ایک بات جو میں یہاں نوٹ کر چکا ہوں، ہماری جو ساری ٹیم موجود ہے، یہ جو اپوزیشن کی طرف سے جو یہ بات آئی ہے، اس کو میں Own بھی کرتا ہوں ایک لحاظ سے کہ پچھلے بجٹ کے جتنے بھی اعلانات ہوئے ہیں، کچھ حصہ اس کا یوں ہے کہ اس پر عمل نہیں ہوا ہے، اس کو ہم نہیں Deny کر سکتے، اس کو ہم Oppose نہیں کر سکتے، اس کا میں جواب در جواب نہیں دینا چاہتا، میں آج فلور آف دی ہاؤس پہ یہ اعلان کرتا ہوں کہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں جو بھی پالیسی ہے، اس پہ گزشتہ بجٹ کا پی میں جو بھی چیز موجود ہے، ایک ماہ کے اندر اندر اس پہ عمل ہونا چاہیے اور میں وزیر اعلیٰ صاحب! آپ کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کرنا چاہتا ہوں کہ سی ایم صاحب! یہ جو ہمارے بجٹ پہ جتنے بھی اعلانات ہیں، میں ان تمام ڈیپارٹمنٹس کو ایک بار پھر یہ بات پہنچانا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے گزشتہ 2015-16ء کے بجٹ میں لوگوں کیلئے جتنی بھی Compensation یا جتنے بھی الاؤنسز یا جتنی بھی پوسٹس یا جتنی بھی، ان کو اگر کوئی زیادہ ٹیکنکل مشکل ہو تو اس پہ اسمبلی کو اعتماد میں لیں کیونکہ یہ اس کی پراپرٹی ہے، یہ اس ڈیپارٹمنٹ کا مسئلہ نہیں ہے، Implementation ان کا کام ہے، اگر Implementation میں کوئی مسئلہ ہو تو ہمیں بالکل Written میں بھیج دیں، ہمیں بتا دیں لیکن میں اپوزیشن کا اور ٹریژری بنچز کا، میں تمام دوستوں کا مشکور ہوں اس لحاظ سے کہ انہوں نے جو بات کی ہے کہ اس کو من و عن Implement کرنا چاہیے، تو اس پہ تمام حکومت کا، یہ خواہش ہماری نہیں تھی کہ ہم نے ڈالے تھے، اس کا مطلب یہ تھا کہ اس کو ضروری سمجھتے تھے تو ان شاءاللہ اس کو ہم Honor بھی کریں گے۔ میں اپوزیشن کے دوستوں کا اس لحاظ سے مشکور ہوں کہ مذاکرات کے دروازے کبھی بھی بند نہیں ہوئے ہیں، میں ذات کے حوالے سے کبھی بھی آپ سے بات نہیں کرتا، مجھے اس بات پہ ضرور ایک افسوس ہے کہ جب کبھی بھی ایک بات اٹھائی جاتی ہے اور جو کسی کی ذات کے ساتھ ہو تو میں اس حوالے سے ایک موقع پہ، خیبر بینک کے حوالے سے کہ اس پہ میں ایک کلیئر وہ کروں گا ان شاءاللہ، آپ سنیں گے لیکن چونکہ اس کیلئے ایک کمیٹی بنائی گئی ہے، کمیٹی نے اس پہ کام کیا ہے، کیبینٹ تک وہ بات پہنچ چکی ہے، کیبینٹ میں جو بات

Adopt ہوئی ہے، ابھی اس پہ مزید، Further process اس پہ جاری ہے، تو اس کے جاری ہونے کی وجہ سے میں اس پوزیشن میں نہیں ہوں کہ میں اس پہ Respond کروں، گو کہ آپ کی طرف سے بار بار اس کی طرف توجہ دلائی گئی تھی لیکن ایک بات میں اللہ کو گواہ کر کے اقرار کرتا ہوں اور میں آپ کو بھی ایشورنس دلاتا ہوں، میں لوکل گورنمنٹ میں بھی ممبر رہا، میں ایم ایم اے کے دور میں بھی ممبر رہا

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آپ پلیز، میاں صاحب!

وزیر خزانہ: اور میں اب بھی اس اسمبلی کا، لیکن آپ میرے ذاتی ریکارڈ کو دیکھ لیں، میں نے ان دونوں ادوار میں ایک روپے کا میڈیکل بھی نہیں لیا ہے، میں نے ایک روپے کا میڈیکل بھی نہیں لیا، اس لحاظ سے میں نے یہ چھوٹی چھوٹی سی جو آپ کو مراعات دی جارہی ہیں، میں نے ان کو بھی نہیں لیا ہے، ہم قومی خزانے کو امانت سمجھتے ہیں اور ان شاء اللہ العزیز میں اس وقت آپ کو ابھی بتاتا ہوں کہ یہ چونکہ کروڑوں عوام کا ایک نمائندہ جرگہ ہے تو اس کے سامنے میں ایک ذمہ دار فرد کی حیثیت سے آپ کو یہ ایشورنس دلانا چاہتا ہوں کہ جو لوگ سازشیں کرتے ہیں، جو لوگ حکومتوں کو بدنام کرتے ہیں، جو لوگ آپ لوگوں کو، ان شاء اللہ یہ ساری چیزیں اپنی جگہ پہ ہم بالکل صوبے کے عوام کی خدمت کیلئے ایک ہیں، میں مولانا صاحب اور آپ تمام پولیٹیکل جتنے بھی ہمارے سکالرز ہیں، ان میں بڑے اچھے پائے کے پولیٹیشنز ہیں، انہوں نے بڑی Valid تجاویز دی ہیں جن کو یکسر مسترد نہیں کیا جاسکتا، ان کو ہم Own بھی کریں گے، ہم اس کو آنر بھی کریں گے اور حکومت کی طرف سے میں آپ کو یہ یقین دہانی دلانا چاہتا ہوں کہ چونکہ میں Controversial باتیں نہ، جہانداد صاحب! جہانداد صاحب! پلیز آپ تشریف لے جائیں۔

جناب سپیکر: (ارباب جہانداد خان، رکن اسمبلی سے) آپ پلیز، تھوڑا، ارباب صاحب۔

وزیر خزانہ: جہانداد صاحب! آپ کو اور موقع دیا جائے گا، پلیز آپ اپنی سیٹ پر چلے جائیں، یہ بات نہیں ہے، میں آپ کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہماری ایک سوچ ہے، اس ہاؤس کا اس بات پہ Consensus ہے، میں کسی کے منہ پہ تعریف کا قائل نہیں ہوں لیکن پرویز خٹک صاحب کو تو یہ کریڈٹ دینا چاہیئے کہ انہوں نے اپوزیشن کو جتنا بھی ایک اس کا Due right ہے اے ڈی پی میں، ان کو بالکل وہ دیتے ہیں،

بہر حال مجھے مرکز کا بھی علم ہے، مجھے پنجاب اسمبلی کا بھی علم ہے، مجھے سندھ اسمبلی کا بھی علم ہے، مجھے گزشتہ گورنمنٹ کا بھی علم ہے کہ ان لوگوں نے کیا کیا تھا؟ تو میرے خیال میں اگر اس میں کوئی کمی، رہی سہی کسر ہو تو پرویز خٹک صاحب سے میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ وہ ہمارے لیڈر رہیں، یہ اپنی ذات کیلئے نہیں ہے، اپنے حلقوں کیلئے اور جو میں نے آپ کو ریکارڈ پیش کیا تو ہم آپ کو سپورٹ بھی کرتے ہیں، چونکہ یہ اسمبلی عوام کی اسمبلی ہے، عوام کے نمائندوں کی ہے تو ان شاءاللہ اس میں ہم آپ کو سپورٹ کرتے رہیں گے۔ میں جناب سپیکر! آپ کے توسط سے ایک بات کہ ہماری ایک Reputation جانی چاہیے، مجھے اس بات پہ ضرور افسوس ہوا کہ اس وقت ایک بہت بڑے پائے کے ایک ایکس بندے نے جو ایک بڑے عہدے سے ریٹائر ہو چکے ہیں، وہ بیٹھے تھے تو بعد میں مجھے کہنے لگے کہ تھوڑا سا مجھے افسوس ہوا کہ پٹھانوں کے اندر جتنی صلاحیت ہے، اس صوبے کے اندر جتنی صلاحیت موجود ہے ان لوگوں کے اندر تو یہ جو آپ کا ایک دوسرے کے ساتھ جو انداز بیان ہے، تو یہ مجھے ویسے نہیں لگتا، تو اس بات سے، اگر میری طرف سے ہو، ٹریژری بنچز کی طرف سے ہو، اس طرف سے ہو تو ان روایات کو ختم کرنا چاہیے اور ایک جرگہ کی حیثیت سے، بھائی چارے کی حیثیت سے اس ایوان کو چلانا ہے، اس ایوان کو چلائیں گے۔ میں میڈیا کا مشکور ہوں کہ انہوں نے، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نے، تمام ہمارے اسمبلی کے جتنے بھی ساتھی ہیں، انہوں نے اس سیشن کے اندر بڑا Cooperate کیا، گو کہ سخت موسم ہے اور آپ کو اندازہ ہے رمضان کے اندر یہ لوگ باہر وہاں پہ دھوپ میں ڈیوٹیاں دے رہے ہیں تو تمام کا ہمیں احساس ہے اور ان شاءاللہ اس ایوان کو ہم بھائی چارے کے ساتھ، اخوت کے ساتھ، محبت کے ساتھ اس کو چلائیں گے اور پرویز خٹک صاحب! آپ ہمارے لیڈر رہیں، اس طرف کے بھی اور اس طرف کے بھی، یہ سارے آپ کے بھائی ہیں اور دست شفقت تمام پہ رکھیں۔ و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ میں بالکل صرف ایک بات جو مظفر سید صاحب نے کہی ہے کہ یہ چونکہ ہماری ایک روایت ہے اور ہماری Tradition ہے کہ جو بھی بات کرے، جتنی بھی اس کی وہ ہو، اس کو شائستگی سے اور مہذب طریقے سے کرے تاکہ اس کا جو بھی موقف ہو تو وہ موقف بھی سامنے آجائے اور کوئی ایسا میسج

بھی نہ جائے کہ یہاں جتنے بھی بڑے بیٹھے ہیں، یہ قوم کو Lead کرتے ہیں، ان کے بارے میں کوئیNegative effectنہ ہو۔اب میں ڈیمانڈز کی طرف جاتاہوں۔

Demand No. l, the honourable Minister for law, please.

مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

جناب امتیاز شاہد(وزیر قانون): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جوکہ مبلغ16کروڑ83لاکھ دس ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو،ان اخراجات کے اداکرنے کیلئے دے دی جائے جوکہ30جون2017ءکو ختم ہونےوالے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 16 crore, 83 lac, ten thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2017, in respect of Provincial Assembly.

Since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No. 1, therefore, the question before the House is that Demand No. 1 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The mtion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted. Demand No.2, honourable Minister for Law.

یہ ایڈمنسٹریشن کی ہے،اس کو میں تھوڑاڈیفر کرتاہوں،میں کسی اوردن اس کولے لونگا۔جی!

(شور)

جناب محمد علی(پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): جناب سپیکر! اس کو نہیں لوگے؟

جناب سپیکر: نہیں، میں تولوں گا لیکن کل یا کسی اور دن لے لوں گا میں اس کو کیونکہ،جی، ڈیمانڈ نمبر3، آنریبل منسٹر فار فنانس۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: ما خو بہ خبروې چې آخر ولې ؟

جناب مظفر سید(وزیر خزانہ): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔میں تحریک پیش کرتاہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: صاحب! دا ما ډیفر کړو، بله روځ به ئے اخلمه، نن ئے نه اخلم۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: نو اخر وجه ئے څه ده؟

جناب سپیکر: وجه به بیا زه تاسو ته دغه کړم۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: سپیکر صاحب! وجه خو ئے راته اوښایه، دا زما Right دے۔

جناب سپیکر: ځکه خو زه تا ته ویم چې دا ما دغه کړے دے، بله روځ به ئے اخلم کنه، لږ په خبره ځان پوهه کړه۔ جی!

(شور)

وزیر خزانہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

(شور)

جناب محمد علی: نه نو دا ئے پریښنودو او۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا چونکه دیکښې هغه بله روځ د هاؤس یو بزنس راغلے وو، ځه بخت بیدار خان د Explain کړی هغه۔

جناب بخت بیدار: سپیکر صاحب، شکریه۔ چونکه د ایوان نه زه د دې ډیپارټمنټ د سټینډنګ کمیټۍ چیئرمین یمه او دا ډیپارټمنټ خو ځله مونږه په دې میټنګ اوکړو چې زمونږه د صوبائی اسمبلئ ملازمینو ته سرکاری حیثیت ورکړئ، دا دوئ چې کوم مراعات په سیکرټریټ کښې سرکاری ملازمینو له ورکوی، هغه د دې اسمبلئ ته ورکړی، هغوی د دوئ نه انکار کړے دے، حالانکه د سپریم کورټ فیصله ده، د هائی کورټ فیصله ده، د پنجاب اسمبلئ چې کوم دے نو ملازمین سرکاری ګرځولی شوی دی، سندھ اسمبلئ ته هغه مراعات حاصل دی او زمونږ دې اسمبلئ ته مطلب دا دے چې هغوی د انا مسئله جوړه کړې ده، هغه سیکرټریټ والا حیثیت ورته نه ورکوی، د ملازمینو چې کوم دوئ له پکار دی، دغه د پاره مونږ وایو چې دا ډیفر شی او تر څو پورې مطلب دا دے چې هغوی زمونږ دا ډیمانډ نه وی منظور کړے، دا مسئله ئے نه وی منظور کړې چې د

اسمبلئ سرکاری ملازمینو ته دې هغه حیثیت ورکړی چې کوم سیکرټریټ ته ورکړے شوے دے۔

جناب سپیکر: شکریه، بس دا ډیفر شو Already۔ ډیمانډ نمبر 3، آنریبل منسټر فار فنانس، پلیز۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک ارب 96 کروڑ 10 لاکھ 15 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2017ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. One billion, 96 crore, 10 lac, 15 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2017, in respect of Finance, Treasuries & Local Fund Audit.

اس پر کٹ موشنز آن ڈیمانڈ آئی ہیں، کٹ موشنز آن ڈیمانڈ، تو یہ تو بہت زیادہ ہیں، میں اگر سب کے نام ایک ساتھ لے لوں کیونکہ یہ تقریباً سردار اورنگزیب نلوٹھا، سردار فرید احمد خان، مسٹر محمد شیراز خان۔۔۔

ایک رکن: جناب سپیکر! یہ تو بہت زیادہ ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں۔

ایک رکن: بہت زیادہ ہیں تو ان میں کچھ وہ کریں۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ ابھی تو تقریباً پچاس ہیں، یہ تو سارا ایک ہی ہو جائے گا ہاں، یہ اس پہ بہت زیادہ ہیں، میں نے کہا سب کے نام میں لے لوں گا، ایک دو آدمی اس کو مطلب پیش کر لیں گے کیونکہ یہ بہت زیادہ ہیں، میں نام سب کے لیتا ہوں نا۔ میاں ضیاء الرحمان، مسٹر زرین گل، سردار ظہور، مسٹر فخر اعظم، مسٹر شاہ حسین، مسٹر صالح محمد، سید سردار حسین، مسٹر محمود احمد خان، مسٹر عصمت اللہ، میڈم عظمیٰ خان، مسٹر اعزاز الملک افکاری، مسٹر سردار حسین بابک۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! زه خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: یو منټ جی، دا زه لږ Explain کړم بیا۔۔۔

جناب سردار حسین: زه به پرې خبره اوکړم نو بیا به----

جناب سپیکر: زما مطلب دا دے چې یو مینځ کښې کټ موشن، کټ موشنز یو دی، کټ موشنز یو دی-----

جناب سردار حسین: زه هم په دې خبره کوم، زما پرې کټ موشن دے۔

جناب سپیکر: نه، زه لړ نوم واخلم نو بیا تاسو ته خبره کومه۔ سید جعفر شاه، بابر خان، جمشید خان، ولی محمد، سردار ثناء اللّٰه، عبدالستار، ملک ریاض، قربان خان، جی سب سے پہلے پھر میں موقع دیتا ہوں سردار اورنگزیب نلوٹھا، Lapse، سردار فرید، مسٹر شیراز، میاں ضیاءالرحمان، جی!

میاں ضیاءالرحمان: میں اپنی تحریک واپس لیتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: مسٹر زرین گل۔

جناب زرین گل: زما د لسو روپو دے۔

جناب سپیکر: جی مسٹر سردار ظہور، Lapse، مسٹر فخر اعظم۔

جناب فخر اعظم وزیر: یہاں پر پھر میں یہ عرض کروں گا۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ کٹ موشن، صرف موشن پیش کریں۔

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر صاحب، میں پچاس روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: مسٹر شاہ حسین الائی۔

جناب شاہ حسین خان: زه د پنځوس روپو کټ موشن تحریک پیش کوم۔

جناب سپیکر: مسٹر صالح محمد، سید سردار حسین، محمود خان، محمد عصمت اللہ، میڈم عظمیٰ خان، مسٹر اعزاز الملک افکاری، Withdraw کوئ؟

جناب اعزاز الملک افکاری: جی۔

جناب سپیکر: سردار حسین بابک، سردار حسین بابک۔

جناب سردار حسین: زه د درے زرو روپو د کټ موشن تحریک پیش کومه جی، مهربانی

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ۔

جناب جعفر شاہ: زه جی د لسو روپو د کټ موشن تحریک پیش کوم۔

جناب سپیکر: بابر خان، بابر خان، جمشید خان، مسٹر ولی محمد، صاحبزادہ ثناءاللہ۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: زه د زرو روپو کټ موشن پیش کوم جی۔

(شور)

جناب سپیکر: عبدالستار خان، ملک ریاض، مسٹر قربان علی۔

جناب قربان علی خان: میں One thousand rupees کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی زرین گل، مسٹر زرین گل، پلیز مختصر رہیئے گا کیونکہ رمضان بھی ہے اور ٹائم۔

جناب زرین گل: سرا زه خو به ډیر څه نه وایم خو دومره څه وایم چې مهربانی د اوکړی د فنانس ډیپارټمنت نه دوئ ته خو دا پیسې څه داسې بنکاریږی لکه دا دوئ د جیبه ئے اوباسی (قہقہے) د دوئ یو فنانس آفیسر ته لاړم، هغه لګیا دے قائد اعظم دغه ئے ایښے دے، هغې کښې لیکلی دی چې یره د چا د دباؤ د لاندې مه راځئ، نو ما اووئیل چې مونږه دباؤ نه اچوؤ خو مهربانی اوکړئ دا کارونه روکاویږی چې پیسې نه ریلیز کوئ نو دا کار به څنګه کیږی؟ نو مهربانی د اوکړی چې دا پیسې او ریلیزز چې دی کنه، دا د بروقت کوی او دا پوستونه د سینکشن کوی او د هغه کوی چې یو شے منظور شی، هغه دغه شی نو په هغې بیا څله دوئ رکاوټ اچوی؟ نو مهربانی د اوکړی چې دا روکاوټونه د ختم کړی۔

جناب سپیکر: فخر اعظم، پلیز۔

جناب فخر اعظم وزیر: میں یہاں یہ پوچھنے کی جسارت کروں گا کہ یہ کس طرح کا فنانس ہے کہ انہوں نے جو پہلے، ایک تو یہ بجٹ پانچ اضلاع تک محدود ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ بنوں کیلئے انہوں کیا رکھا ہے؟ عمران خان صاحب آئے تھے، انہوں نے بنوں میں اعلانات بھی کئے تھے، عمران خان نے جتنے بھی اعلان کئے ہیں، اس پورے بجٹ کی کتاب میں اس کا کوئی نام ونشان نہیں ہے، تو یہ کس طرح کے، خود آپ کے اپنے لیڈر جو اعلانات کرتے ہیں، آپ اس کی پرواہ نہیں رکھتے تو اس۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ مسٹر شاہ حسین۔

جناب شاہ حسین خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، زرین گل باچه خبرې اوکړلې او فخر اعظم صاحب خبرې اوکړې، دا بجټ که خیر وی که تاسو ټول دا بجټ بک اوګوری، دا Annual ADP، دیکښې د بټګرام ذکر یا بټګرام له په یو مد کښې یو څائې کښې پیسې نشته دې، چې کوم Ongoing سکیمونه، نو هغې له په څلورو کروړو کښې په پینځو کروړو کښې، شپږو کروړو کښې، په لسو کروړو کښې پنځوس لکهه روپئ دی یا پینځویشت لکهه روپئ دی یا لس لکهه روپئ دی جی، سپیکر صاحب! دا بټګرام ضلع هم د دې صوبې ضلع ده، هلته کښې هم پښتانه پاتې کیږی، د دې صوبې دی، مسلمانان دی او مونږه خو ستاسو د دی میندیټ احترام کوؤ، تاسو مو منسټران منلی ئې، بیا چیف منسټر منلی ئې، تاسو مهربانی اوکړئ زمونږه د میندیټ احترام اوکړئ او مونږه هم د هغې څائې منتخب نمائندګان اوګڼئ۔ دویمه خبره دا ده سپیکر صاحب! چې د فیډرل ګورنمنټ د دې سرکاری ملازمینو په الاؤنسز کښې د دریم الاؤنس هغه ئې په تنخواه کښې ضم کړی دی نو دوئ د دوؤ اعلان کړے دے، د دوؤ وفاقی حکومت کړے وو نو هغوی هغه دریم الاؤنس هم هغه سرکاری ملازمینو ضم کړے دے نو که مظفر سید صاحب دا مهربانی اوکړی او دا اووائی چې دوئ دا دریم الاؤنس ضم کوی که نه؟او ضم کړے دے که نه؟ که ضم کړے ئې نه دے نو اراده ئې شته او که نشته؟ دریمه خبره دا ده چې د یونین کونسل زاړه سیکرټریان وو، اوس دا ویلیج کونسل سیکرټریان راغلی دی او مخکښې د یونین کونسل، مظفر سید ورسره هم وعده کړی وه، بیا چیف منسټر صاحب دلته کښې په سات مارچ باندې کنونشن کښې دوئ هم هغه وعده کړې وه نو د هغوی هغه ګریډ سات نه ګیاره شی څکه ټول سرکاری ملازمین اپ ګریډ شو سوائے د یونین کونسل د زړو سیکرټریانو نه، د دوئ باره کښې دې دوئ څه اووائی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ محمود خان۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی جناب سپیکر، بجټ والا موقع خو د رانکړه، په دې به یو دوه خبرې اوکړو۔ وزیر خزانه صاحب ته خالی دا وایو چې یو متل مشهور دے

زمونږه طرف ته چې چا صوبت کړے وو، گنډاپور وو، بیا ملګرے ورسره ناست وو، چې ناست وو بیا چا ورته اووئیل، هغه بل ملګری ورته وئیل چې نه انسانی ویش مه کړه ، * + + +، خدائی کښې خو ډیرې غټې خبرې وی، هغه له اول نه غټه برخه ځان ته کیښوده، ورسره ئې بل ملګری ته ورکړه، ورسره ئې بل ته ورکړه، دا درې پاتې شول، دا بل وئیل چې مونږه ، وئیل ئې چې * + +خو داسې وی، چا ته ډیر وی چا ته یو شے نه وی، وزیر خزانه صاحب ته زمونږ دا ریکویسټ

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

کوؤ چې دې ریلیز کښې چې * + + + ته لږ مونږه ته نظر کوه، مهربانی کوه۔ اوس

سپیکر صاحب! مونږه دا وایو چې دې ریلیز چې دغه پرابلم دے چې Ongoing چې دوئ خالی پچاس پچاس لاکھ روپئ دغه ریلیز کښې پرابلم دے ، مونږه وزیر خزانه صاحب ته وایو چې مونږه هم دغسې حلقې لرو، مهربانی دې اوکړی زمونږه طرف ته دې توجه اوکړی۔

جناب سپیکر: جی، ایک منٹ، جی عنایت خان، عنایت۔

نکتہ اعتراض

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب! میں پوائنٹ آف آرڈر پر بات کروں گا، دیکھیں انہوں نے جو بات کی ہے، مجھے مناسب نہیں لگتی ہے کہ یہ خدائی ویش جو ہے، جو اللہ تعالیٰ نے تقسیم کی ہے وہ نعوذ باللہ من ذالک غلط ہے، یہ تقسیم انسانوں کی ہے، یہ اللہ کی نہیں ہے اور ایسے لطیفے جو اللہ کی ذات کے حوالے سے ہوں، میں اس کو مناسب نہیں سمجھتا اور اس کو کارروائی سے حذف کیا جائے، میرا ذاتی خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ غلط۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کو کارروائی سے حذف کرتا ہوں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دنیا کے اندر تقسیم جو ہے، وہ انسانوں کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہوا ہے، اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اختیار دیا ہے اور غلط کام انسان کرتا ہے، اللہ تعالیٰ نہیں کرتا ہے۔

جناب سپیکر: بالکل اس میں کوئی شک نہیں ہے، یہ خدائی نظام نہیں ہے، یہ انسانوں کا قانون ہے۔ سردار حسین بابک۔

مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، فنانس ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے تو میں یہ کہوں گا کہ جتنی بھی Ongoing Schemes ہیں، ان کی تعداد میرے خیال میں منسٹر صاحب نے تفصیل میں بھی بتادی ہے اور ہمیں بھی پتہ چلا ہے کہ Ongoing Schemes، نئی سکیمز کی جو تعداد ہے اور ان کی جو ایلوکیشن ہے، وہ بالکل ٹوکن ایلوکیشن ان لوگوں نے رکھی ہے اور میں صرف منسٹر صاحب

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

اور حکومت کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہ رہا ہوں کہ 2013 میں جب ہم حکومت چھوڑ کر جارہے تھے جب ہم حکومت چھوڑ کر جارہے تھے 2013ء میں تو Throw Forward جو تھا، وہ 151 بلین تھا، یعنی ایک سو اکیاون ارب روپیہ، یہ Throw Forward تھا، Schemes completion کا جو Tenure ہے، یہاں پر فنانس ڈیپارٹمنٹ کے لوگ بیٹھے ہوں گے، جو آئیڈیل اور جو بالکل مفاد عامہ میں جو Tenure ہے، وہ 2.9 تھا وہ Schemes completion کا Tenure ہم 1.9 پر لائے تھے اور یہ ریکارڈ پر ہے، یہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ریکارڈ پر ہے، صرف یہ بات بتانے کیلئے کہ آج 2016ء میں، 2016-2017ء کا جو بجٹ پیش ہوا۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پلیز، آپ پلیز ملک صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔

جناب سردار حسین: 2016-2017ء۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پلیز، آپ پلیز، آرڈر پلیز۔

جناب سردار حسین: تو اس حکومت کے ابھی دوسال رہتے ہیں، تین سال کا عرصہ ہوا، Throw Forward جو ہے، آپ لوگوں کی انفارمیشن کیلئے، آپ لوگوں کی بک کے مطابق وہ 491 بلین ہے، یعنی چار سو اکانوے ارب روپیہ ہے۔ اب مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی ہے کہ جس انداز سے، جس رفتار سے آپ سکیمیں ڈال رہے ہیں، سکیموں کی آپ ایلوکیشن کر نہیں رہے ہیں تو یہ بھی تو سوچنا چاہیے کہ کسی بھی جمہوری حکومت کا ایک Stipulated time ہوتا ہے، وہ پانچ سال کا عرصہ ہوتا ہے، اخلاقی طور پر صوبے کے مفاد عامہ کے حق میں، تو یہ تو بالکل اس طرح بھی کر سکتے ہیں کہ آخری سال میں آپ جو بجٹ لائیں گے، 491 ارب روپیہ یہ ہو جائے گا اور 491 ارب روپے کی آپ اور سکیمیں ڈال دیں گے لیکن آپ کو تو یہ بھی سوچنا چاہیے کہ آپ لوگوں کے Internal جو Receipts تھے، Taxable اور Non Taxable، پچاس پرسنٹ ان میں کمی ہے۔ بجٹ کا جو استعمال ہے، وہ اب بھی آپ دیکھ لیں، یہ فنانس کی بات ہے، یہ میں فنانس کی بات کر رہا ہوں اور یہاں فنانس کی مینجمنٹ نہ ہونے کے برابر ہے، یہاں تو میرے خیال میں مجھے دو چیزیں نظر آرہی ہیں، یا تو فنانس ڈیپارٹمنٹ میں اتنی زیادہ سیاسی مداخلت ہے کہ جو فنانس کے ایکسپرٹس اور فنانس کے لوگ جو کچھ کہہ رہے ہیں، حکومت اس کو ماننے کو تیار نہیں ہے اور یا یہ ہم مان لیں گے کہ خدانخواستہ، خدانخواستہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے جو لوگ ہیں، وہ ڈیلیور نہیں کر سکے، میں یہ بات ماننے کو تیار نہیں ہوں کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے لوگ جو ہیں وہ ڈیلیور نہیں کر سکتے، وہ ڈیلیور کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ شکریہ، سردار حسین صاحب! پلیز آگے بھی۔۔۔۔۔

جناب سردار حسین: جناب! بات فنانس کی ہو رہی ہے۔

جناب سپیکر: اس میں تقریر نہیں ہوتی ہے ناں، بس ایک مختصر بات کرنی ہوتی ہے۔

جناب سردار حسین: بات تو مکمل کر لوں۔

جناب سپیکر: نہیں، اگر ایک آپ ہی اتنی تقریر کریں گے تو پھر کیا ہو گا؟ نہیں پلیز آپ لمیٹڈ ٹائم میں کریں ناں، آپ ہی کا تو حق یہ نہیں ہے، باقی ایم پی ایز کا بھی حق ہے ناں، میں سب کو موقع دوں گا، آپ ٹائم کو دیکھو ناں۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ اس جانب دلانا چاہتا ہوں، فنانس منسٹر نے خود ابھی کہا ہے کہ وہ وزیر اعلیٰ صاحب کی موجودگی سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، وزیر اعلیٰ صاحب ہمارے چیف ایگزیکٹیو ہیں، اب یہ اسی صوبے کا ایک مسئلہ ہے کہ تین سال میں آپ Throw forward چار سو اکانوے ارب روپے پر لے گئے ہیں اور دوسری طرف آپ دعویداری کر رہے ہیں گڈ گورننس کی، تو پھر یہ تضاد نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ یہی بات ہم کہنا چاہتے ہیں کہ کسی سکیم کیلئے، Suppose آپ ایک ارب روپیہ، میں ایک مثال دیتا ہوں۔۔۔۔

